# مقدس یوسف بڑھئی کی عید

اعمال 5:27-32,40-41 مزمور 29

مکاشفہ 5:11-14 مقدس یوحنا 20:1-19

## کشتی کی دہنی طرف جال ڈالو تو تم پاؤ گے۔ مقدس یوحنا 6:21

وہ نہیں جانتے کہ خُداوند یسوعؔ مسیح ہی اُن سے بات کر رہا ہے۔ پطرسؔ اَور دوسرے چھ آدمی ساری رات جاگتے رہے اَور کشتی پر محنت کرتے رہے۔ لیکن اُن کی ساری محنت بے سود تھی۔ وہ نہیں جانتے تھے کہ یہ خُداوند یسوعؔ مسیح ہی اُن سے بات کر رہا ہے۔ اب وہ کنارے پر جا رہے تھے۔ یہ مچھلیاں پکڑنے کا وقت نہیں تھا۔ تاہم مقدس پطرس اَور دوسرے شاگردوں نے اجنبی کے کہنے پر عمل کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ اَور اُنہیں اُن کی فرمانبرداری کا اجر ملتا ہے۔ فرمانبرداری عاجزی کو بھی ظاہر کرتی ہے۔ اَور خُدا اِسے بے حد پسند کرتا ہے۔

## مقدس اتھناسیوس

اعمال 6:8-15

مزمور 118

## مقدس یوحنا 6:22-29

**خُدا کا کام یہ ہےَ کہ تُم اُس پر اِیمان لاؤ جسے اُس نے بھیجا ہےَ۔**

## مقدس یوحنا 6:29

یہ واضح ہے کہ خُدا باپ نہیں چاہتا کہ اُس کی محبت ضائع ہو جائے۔ اگر وہ ہمیں کوئی تحفہ دیتا ہےَ۔ تو اُسے قبول کرنا چاہیئے۔ وہ اپنے بیٹے کو بھیجتا ہے۔ جب میں اُس کے بیٹے کو خوشی اَور شادمانی کے ساتھ قبول کرتا ہوں۔ تو میں اُس کا خیر مقدم کرتا ہوں۔ جب میں اُس کے رویوں کی تقلید کرتا ہوں تو اُس کی خواہشات میری خواہشات بن جاتی ہیں۔

# فیلبوسؔ اَور یعقوبؔ رسول کی عید

1۔قرنتیوں 15:1-8 | مزمور 18

## مقدس یوحنا 14:6-14

**اگر تُم میرا نام لے کر مجھ سے کچھ چاہو گے تو مَیں وہی کروں گا۔**

## مقدس یوحنا 14:14

خُداوند یسوعؔ نے یوں فیلبوسؔ کی درخواست کا جواب دیا۔ جس نے باپ کو دیکھنے کی خواہش کی تھی۔ خُداوند یسوعؔ مسیح نے اُس سے نہ صرف یہ کہا کہ جوکوئی اُسے دیکھتا ہے۔ وہ پہلے سے ہی باپ کی محبت کو دیکھ سکتا ہے۔ بلکہ اُس سے یہ بھی فرماتے ہیں کہ جس طرح ہم خُدا سے مانگتے ہیں۔ اِسی طرح ہم اُس سے بھی مانگ سکتے ہیں۔ وہ ہمیں دے گا۔ ہم اُس کے اِس وعدہ سے استفادہ حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ ہم خُداوند یسوعؔ مسیح سے روح القدس کی درخواست کرتے ہیں۔ ہم خود کلیسیا کے لئے ایک بڑا تحفہ بن جائیں گے۔ آج ہم مقدس فیلبوسؔ اَور یعقوبؔ رسول کے شکرگزار ہیں۔ جنہوں نے اپنی جانوں کو قربان کرتے ہوئے کلیسیا سے محبت اَور اِس کی خدمت کی ہے۔

مزمور65

اعمال 8:1-8

## مقدس یوحنا 6:35-40

## زندگی کی روٹی میَں ہُوں۔مقدس یوحنا 6:35

خُداوند یسوؔع مسیح جو تصویر پیش کرتے ہیں وہ بڑی سادہ اَور سمجھنے میں آسان ہےَ۔زندہ رہنے کے لئے ہمیں ''زندگی کی روٹی'' یعنی خود خُداوند یسوؔع مسیح کی ضرورت ہےَ۔ خُداوند کس قسم کی زندگی کی بات کر رہے ہیں؟یقیناً اُس زندگی کی بابت جو ہماری خواہشات کا محور ہےَ۔جو سب کے ساتھ امن، اشتراک اَور بھائی چارے پر مشتمل ہےَ۔ اُس کے بغیر اِس قسم کی زندگی نہ وجود میں آسکتی ہے، نہ نشو ونما پاسکتی ہے۔اَور نہ ہی پک سکتی ہےَ۔

مزمور 65 اعمال 8:26-40

## مقدس یوحنا 6:44-51

## جو اِیمان لاتا ہے۔وہ ہمیشہ کی زندگی رکھتا ہے۔مقدس یوحنا 6:47

یہاں پر بھی خُداوند یسوعؔ مسیح اُس روٹی کی بات کرتے ہیں جو آسمان سے اُترتی ہے۔جسے کھانے کے لئے ہمیں مدعو کیا جاتا ہے۔اِس کے بغیر ہماری زندگی خالی اَور کمزور رہتی ہے۔اَور مٹی سے بنی رہتی ہے۔اِس کے برعکس جب ہم یہ روٹی کھاتے ہیں تو ہمیں اِس کو کھانے کے لئے اِیمان کی ضرورت ہے۔ہماری زندگی الٰہی زندگی کے اوصاف اپنا لیتی ہے۔اَور یہ ہمیشہ کی زندگی بن جاتی ہے۔جو بااعتماد، مکمل، کامل اَور خوشی سے بھرپور ہوتی ہے۔

اعمال 9:1-20 | مزمور116

مقدس یوحنا 6:52-59

## میرا گوشت حقیقی غذا اَور میرا خُون حقیقی شُرب ہے ۔مقدس یوحنا6:55

خُداوند یسوعؔ مسیح اپنے گوشت اَور خُون کی بابت اپنی بات جاری رکھتے ہیں اَور اُن کا اصرار مجھے یہ سمجھنے پر مجبور کرتا ہے کہ نہ صرف اُس کے نظریات اَور تعلیمات بلکہ وہ خود اَور اُس کی ذات کی اِس دُنیا میں میری زندگی اَور اِس معاشرے کے لئے جہاں میں رہتا ہوں نہایت اہمیت کی حامل ہے۔

مَیں روٹی اَور مے کی صورت میں تیرا گوشت کھاتا اَور خُون پیتاہُوں۔تا کہ مَیں محبت سے بھرپور یعنی ابدی زندگی گزار سکوں۔

اعمال 9:31-42 مزمور 115

## مقدس یوحنا 6:60-69

**کوئی میرے پاس نہیں آ سکتا جب تک باپ کی طرف سے اُسے دیا نہ گیا ہو۔**

**مقدس یوحنا 6:65**

دراصل بہت سے لوگوں نے یسوعؔ کو چھوڑ دیا ہے۔ اُس کا گوشت کھانے اَور خون پینے یعنی ہماری یوخرست کے بارے میں اُس کے بیان سے اُن کو ٹھوکر لگی۔ وہ اپنی نجات کا مرکزی کردار بننا چاہتے تھے۔ اَور اِس کے لئے شاباش لینا چاہتے تھے۔ وہ اِس طور پر زندگی گزارنا نہیں چاہتے تھے کہ ہمیشہ یسوعؔ کی روٹی کے لئے اُس کے بدن اَور خون کے لئے خُدا باپ کا شکر ادا کرتے رہیں۔ اُس کے بغیر دراصل نہ حکمت اَور نہ زندگی ہے۔

## اچھے چرواہا ہے کا اتوار یومِ بلاہٹ

اعمال 52-43,14:13 مزمور 99

مکاشفہ 17-14,9:7 مقدس یوحنا 30-27:10

## میری بھیڑیں میری آواز سنتی ہیں۔ مقدس یوحنا 27:10

خُداوند یسوعؔ مسیح چرواہے اَور بھیڑوں کے درمیان ایک تعلق کو علامت سے بیان کرتے ہیں۔اَور بتاتے ہیں کہ اُس کے اَور ہمارے درمیان کتنا گہرا تعلق ہےَ۔ہم خوشی سے اُس کی بات سنتے ہیں اَور اُس کی باتوں کو مناسب اہمیت دیتے ہیں۔ چونکہ وہ ہمیں جانتا ہےَ۔دوسرے لفظوں میں وہ ہمیں پیار کرتا ہےَ۔اَور ہم پر اتنا اعتماد کرتا ہےَ کہ وہ ہماری خاطر اپنی جان دے دیتا ہےَ۔

اعمال 11:1-18 | مزمور 41

## مقدس یوحنا 10:11-18

## دروازہ مَیں ہُوں۔ مقدس یوحنا 10:9

آج خُداوند یسوعؔ مسیح دروازے کی ایک اَور مضبوط علامت استعمال کرتے ہیں۔ وہ خود کو بھیڑ خانہ کا دروازہ کہتے ہیں۔ چور عام طور پر دروازے سے داخل نہیں ہوتے۔ وہ چھپ کر آتے ہیں تاکہ دربان اُنہیں دیکھ نہ سکے۔ ہمیں کیا سمجھنے کی ضرورت ہےَ؟ جو کوئی خُداوند یسوعؔ مسیح سے نہیں گزرتا اَور اُس کے ساتھ نہیں رہتا۔ اُس پر بھروسہ نہیں کیا جاسکتا۔ وہ ہمیں برباد کردے گا۔

اعمال 11:19-26
مزمور 86

## مقدس یوحنا 10:22-30

## مَیں اَور باپ ایک ہیں۔ مقدس یوحنا 10:30

یہ ایک مکاشفہ ہےَ جسے یاد رکھنا چاہیئے۔ یسوعؔ کبھی بھی اپنے باپ کے ساتھ بحث، حسد اَور دشمنی نہیں کرے گا کیونکہ وہ اُس کا بیٹا ہےَ اَور وہ ہمیشہ بیٹا رہے گا۔ جس کا مطلب ہےَ کہ وہ باپ کی تعمیل کرے گا۔ اِس لئے ہم اُس پر بھروسہ رکھتے ہیں۔ اُس پر بھروسہ رکھنے سے ہی ہم محفوظ رہ سکتے ہیں۔

اعمال 12:24-13:5 مزمور 66

## مقدس یوحنا 12:44-50

## مَیں نُور ہو کر دُنیا میں آیا ہُوں۔ مقدس یوحنا 12:46

ہر صبح ہم روشنی کا انتظار کرتے ہیں۔ یہ روشنی ہمیں کام کرنے، حفاظت سے چلنے، ایک دوسرے کو دیکھنے اَور پہچاننے، اپنے اعمال کے نتیجہ میں اچھائی یا بُرائی کو پرکھنے، رنگوں اَور خوبصورتی میں امتیاز کرنے، اَور ہر چیز کی افادیت جاننے میں ہماری مدد کرتی ہے۔ یسوعؔ نور ہو کر دُنیا میں آیا۔ ورنہ اُس کے بغیر ہم واقعی ہی غریب اَور ناخوش ہوتے۔

مزمور 88

اعمال 13:13-25

## مقدس یوحنا 13:16-20

## جنہیں مَیں نے چُنا ہے اُنہیں مَیں جانتا ہُوں۔ مقدس یوحنا 13:18

اَے یسوعؔ جس طرح تو اپنے شاگردوں سے واقف تھا۔ اِسی طرح تو مجھے بھی جانتا ہے۔ تو یہوؔدہ کو جانتا تھا۔ تو نے حد سے زیادہ اُس پر بھروسہ کیا۔ اَور اُسے اپنے دوستوں میں شمار کیا۔ تجھے پتہ تھا کہ اُس کا دِل پورے طور پر تیرے ساتھ نہیں۔ لیکن تو اُسے باپ کی شفقت کا نشان دکھانا چاہتا تھا۔ میں اِس مثال سے اپنے بارے میں گمان نہیں کرتا کہ تو نے مجھے بھی پیار کیا ہے۔ لیکن میں ہمیشہ تیری ہی حفاظت میں رہنا پسند کرتا ہوں۔

## خاتونِ فاطمہ

اعمال 13:26-33

مزمور 2

مقدس یوحنا 14:1-6

## تمہارا دل نہ گھبرائے۔مقدس یوحنا 14:1

اے پیارے یسوعؑ چونکہ تو ہر وقت میرے ساتھ ہے۔میں سکون محسوس کرتا ہوں۔نہ تو کوئی چیز اَور نہ کوئی شخص مجھے پریشان کرسکتا ہے۔میَں اپنے ماضی کے بارے میں بھی فکر مند نہیں ہوں کیونکہ میَں نے اِسے تیرے ہاتھوں میں سونپ دیا ہے۔نہ ہی میں اپنے مستقبل کی فکر کرتا ہوں۔چونکہ تو راہ ہے۔جس پر چل کر میں باپ کے بارے میں جانتا ہوں۔اَور اُس کی زندگی کی بھرپوری سے لطف اندوز ہوتا ہوں۔

# مقدس متھیاس رسول

اعمال 1:15-17،20-26 مزمور 112

## مقدس یوحنا 15:9-17

**میں تمہیں یہ حکم دیتا ہوں کہ تم ایک دوسرے کو پیار کرو۔ مقدس یوحنا 15:17**

اے خُداوند یسوعؔ! ہم تیرے رسولوں میں سے ایک کی آج عید مناتے ہیں۔ مقدس متیاسؔ نے یہودہ کی جگہ قبول کی۔ اَور اِسے ایک روشنی اَور وفاداری کی جگہ بنائی۔ تو نے محبت کا جو درس دیا تھا اُس نے اُس کے مطابق زندگی گزاری۔ اَور اُس نے گیارہ رسولوں کا فیصلہ خُدا کی مرضی اَور تیرے لئے محبت کا ایک نشان سمجھتے ہوئے قبول کیا۔ تیری کلیسیا سب سے پہلے تیرے شاگردوں کی باہمی محبت پر شادمانی کرتی ہے۔

اعمال 14:21-27
مزمور 144

مکاشفہ 21:1-5
مقدس یوحنا 13:31-35

## ابنِ انسان نے جلال پایا ہے۔ مقدس یوحنا 13:31

یسوعؔ جب دیکھتے ہیں کہ اُس کی ایذیت قریب آرہی ہے تو وہ یہ الفاظ ادا کرتے ہیں۔ یہوداؔہ رات کے وقت اپنے منصوبے کو عملی جامہ پہنانے کے لئے پہلے ہی باہر نکل گیا تھا۔ اب شاگردوں کی زندگی اُس محبت کی بدولت روشنی بن سکتی ہے۔ جو اُن میں سے ہر ایک کو لینے اَور دینے کی اہل بناتی ہے۔ مزید برآں جو محبت اُن کے درمیان راج کرے گی وہی خُدا کا جلال ہوگی۔ یہ باہمی محبت باپ اَور بیٹے کی باہمی محبت کا مکاشفہ ہوگی۔

اعمال 14:5-18

مزمور 113

مقدس یوحنا 14:21-26

## روح القدس تمہیں سب باتیں سکھائے گا۔ مقدس یوحنا 14:26

ہم کانفرنسوں اَور وعظوں کو سنتے ہیں۔ یہ دلچسپ اَور خوبصورت ہو سکتے ہیں۔ ہم کیا سمجھتے ہیں؟ نظریات اَور معلومات کا انبار؟ خُدا باپ ہمیں کیا بتانا چاہتا ہے؟ کیا ہم سمجھ پائیں گے کہ ہمیں پیار کیا جاتا ہے اَور کس طرح ہم پیار کر سکتے ہیں؟ ہم دُعا کرتے ہوئے سنیں گے۔ تاکہ خُدا کے روح کی طرف متوجہ رہیں۔

## اعمال 14:19-28     مزمور 144

## مقدس یوحنا 14:27-31

### دُنیا جانے کہ مَیں باپ کو پیار کرتا ہُوں۔ مقدس یوحنا 14:31

آپ کیسے جان سکتے ہو کہ آپ آسمانی باپ سے پیار کرتے ہو؟ اِس سوال کا جواب خود خُداوند یسوعؔ مسیح دیتے ہیں۔ تم اُس دُنیا کے شہزادے سے لڑائی لڑو۔ جو تم پر غالب آئے گا۔ تاہم اُس کی فتح صرف ظاہری ہوگی۔ اِس لئے کہ کوئی بھی تم سے محبت چھین نہیں سکتا۔ تم سب کے لئے اپنی محبت کو برقرار رکھو گے۔ بشمول وہ لوگ جو اِس دُنیا کے شہزادے کی خدمت میں لگے ہوئے ہیں۔

# مقدس یوحنا اول

اعمال 15:1-6　　　　مزمور 121

## مقدس یوحنا 15:1-8

## تُم مجھ میں قائم رہو اَور مَیں تُم میں قائم رہوں گا۔ مقدس یوحنا 15:4

خُداوند یسوعؔ نے آسمانی باپ کے ارادوں اَور راہوں کو ہم پر منکشف کیا ہے۔ وہ تاکستان کے مالک کی طرح ہے۔ جو اپنے تاکستان کی دیکھ بھال کرتا ہے۔ وہ ہر ایک ڈالی کو چھانٹتا ہے۔ وہ چاہتا ہے کہ سب پھل لائیں۔ میں اُس وقت پھل لاؤں گا جب میں اُس کی طرح دکھائی دینے لگوں گا۔ اور یسوعؔ سے دُور جا کر اُس سے الگ نہیں ہوں گا۔ میری زندگی کا پھل مجھ میں اس کی موجودگی کا پھل ہوگا۔

اعمال 15:7-21 مزمور 95

یوحنا 15:9-11

## میری خوشی تُم میں ہو۔ مقدس یوحنا 15:11

یسوع، آپ کی خوشی کیا ہے؟ تو نے ہمیں دکھایا کہ آپ باپ کی شفقت پر غور کرتے ہو کہ وہ کس قدر چھوٹے بچوں سے پیار کرتا ہے۔ آج آپ بھی خوش ہیں کہ ہم چھوٹے بچے آسمانی باپ کے پیار سے مالا مال ہیں۔ لہٰذا وہ ہر ایک کے لئے محبت میں غنی ہے۔ اُس کی خوشی ہمارے دِلوں کو معمور کرتی ہے۔ اے پیارے یسوعؔ تیرا شکر ہو تو نے ہمیں دکھایا اور تو خوشی سے معمور ہوتا ہے جب تو باپ کی شفقت پر غور کرتا ہے کہ وہ کسقدر چھوٹوں کو پیار کرتا ہے۔

اعمال 15:22-31
مزمور 56

## مقدس یوحنا 15:12-17

## مَیں نے تمہیں دوست کہا ہے۔ مقدس یوحنا 15:15

اے یسوعؔ تو واقعی ہی ہمیں اپنی زندگی، اپنے کام اَور مشن میں حصہ دار سمجھتا ہے۔ ہم تیرے لئے اجنبی ہیں۔ تو ہمیں جوش و جذبہ عطا کرتا ہے۔ اَور تو اِس دُنیا کو ٹھیک کرنے کے لئے ہمارے ہاتھوں میں اپنا مشن دیتا ہے۔ تا کہ یہ دُنیا معمور ہو جائے، روشن ہو جائے اَور نجات پائے۔ تو اس کے لئے ہمیں محبت، خوشی، حکمت اَور باطنی طاقت جیسے ضروری ہتھیار عطا کرتا ہے۔

مزمور 90

اعمال 1:16-10

## مقدس یوحنا 18:15-21

## غلام اپنے مالک سے بڑا نہیں ہوتا۔ مقدس یوحنا 20:15

اے یسوعؔ، تو ہمیں تیار کرنے کے لئے اِس واضح سچائی کی یاد دلاتا ہےَ۔ کہ دُنیا تمہارے مخالف اِس لئے کہ ہم تیرے ہیں۔ ہم توقع نہیں کرسکتے کہ لوگ ہمارے لئے تالیاں بجائیں گے۔ ہم بُرائی سے پریشان ہوئے بغیر تجھ سے اپنی وفا نبھائیں گے۔

اعمال 15:1-2,22-29 مزمور 66

مکاشفہ 21:10-14,22-23 مقدس یوحنا 14:23-29

## تمہارے دِل نہ گھبرائے۔مقدس یوحنا 14:27

کئی بار یسوعؑ اِس تلقین کو دہراتے ہیں۔وہ جانتا ہے کہ اُس کے شاگرد کتنی آسانی سے ڈر جاتے یا پریشان ہو جاتے ہیں۔جیسا کہ جب وہ کشتی پر سویا ہوا تھا تو وہ ڈرے ہوئے تھے۔ جب اُس نے یہ باتیں اُن سے کہیں تب بھی وہ خطرے میں تھے۔اَور خطرہ شاگردوں کی زندگی میں ہمیشہ موجود رہے گا۔خُدا کی بادشاہی میں ہم اپنا کتنا حصہ ڈال سکتے ہیں۔یہ زندگی کے برسوں کے شمار پر نہیں بلکہ اُس سے ہماری وفاداری پر منحصر ہے۔

مزمور 149

اعمال 15-11:16

مقدس یوحنا 4:16-26:15

## اُور تُم بھی گواہی دو گے۔ اعمال 17-25

ہماری گواہی روح القدس کی موجودگی کا نشان ہے۔ وہ سچا اُور وفادار گواہ ہے۔ جب وہ ہم میں موجود ہوتا ہے تو ہماری زندگی اِس بات کا اظہار بن جاتی ہے کہ یسوعؑ ہمیں اُن گہری بُرائیوں سے بچا سکتا ہے جو ہمارے انسانی رشتوں میں پھیل رہی ہیں۔ وہ پیار کرنے میں ہمیں مسرور کرتا ہے۔

## مقدسہ مریمؔ کلیسیاء کی ماں

اعمال 34-22:16　　مزمور 137

### مقدس یوحنا 11-5:16

**اگر مَیں جاؤں تو مَیں اُسے تمہارے پاس بھیج دُوں گا۔ مقدس یوحنا 7:16**

جب تک خُداوند یسوعؔ مسیح ہمارے ساتھ ہوتے ہیں تو ہم اُس کی موجودگی سے لطف اندوز ہونے، اُس کی آواز میں سکون ڈھونڈنے اَور اُس کی آنکھوں میں جھانکنے کی کوشش میں لگے رہتے ہیں۔ ہم اپنی انا کی تسکین کے لئے حواس کے باقی قیدیوں کو خطرے میں ڈالتے ہیں۔ جب وہ ہماری نظروں سے اوجھل ہو جائے گا۔ تو ہم روحانی طور پر اُسکی روح کی آواز کی پیروی کرنے کے لئے آزاد ہونگے۔

# مقدسہ مریم مگدلینی

اعمال 17:15-22

مزمور 148

## مقدس یوحنا 16:12-15

**وہ خود سب کو زندگی اَور سانس اَور سب کچھ بخشتا ہے۔**

## رسولوں کے اعمال 17:25

وہ ان مردوں کی توجہ اپنی طرف مبذول کرانا چاہتا تھا۔ وہ جو اپنے بارے میں اعلیٰ رائے رکھتے ہیں۔ وہ اُن کو اپنی باتوں پر مائل کرتا ہے۔ یہ وہ سچے کلمات ہیں جو مقدس پولوسؔ رسول نے ادا کئے تھے۔

# مقدس فلپ نیری

اعمال 18:1-8

مزمور 97

## مقدس یوحنا 16:16-20

### اُور پھر تھوڑی دیر کے بعد تُم مجھے دیکھ لو گے۔مقدس یوحنا 16:16

خُداوند یسوعؔ مسیح اپنے شاگردوں کے درمیان ہیں۔مگر وہ اُسے ابھی تک نہیں سمجھتے وہ یہ سمجھنے سے قاصر ہیں کہ صلیب کتنی انمول ہے۔تھوڑی دیر کے لئے وہ اِس کی اہمیت کو نہیں جانتے۔اَور''تھوڑی دیر بعد تم مجھے دیکھو گے''۔صلیب پر موت کے بعد ایک نئی زندگی ہوگی۔جو نا معلوم ہے۔مگر وہ لگا تار خوشی کا ایک ذریعہ ہوگی۔

اعمال 9:18-18

مزمور 46

## مقدس یوحنا 20:16-23

## خُداوند نے پولوسؔ سے کہا کہ خوف نہ کر۔ رسولوں کے اعمال 9:18

خُداوند ہم سے رات کے وقت بھی بات کر سکتا ہے۔ وہ اپنے مختصر پیغام کو ایسے شروع کرتا ہے جیسے کہ دستخط کئے جاتے ہیں۔ ''ڈرومت''۔ اَور وہ مقدس پولوسؔ کو بولنے کا حوصلہ دیتا اَور خاموش رہنے سے گریز کرنے کی بات کرتا ہے۔ اگر اُس میں ہمت نہ ہوتی تو وہ کیا کہہ سکتا ہے وہ خُداوند یسوعؔ مسیح کی بشارت دے گا۔ اَور وہ اپنے کندھوں پر صلیب اُٹھائے ہوئے بشارت دے گا۔ فطری طور پر ہم اِس علامت کا انکار کرتے ہیں۔ بعدازاں ہم اِسی کی طرف کھینچے جاتے ہیں۔ اُس نے خود کہا تھا ''جب میَں اُوپر جاؤں گا تو سب کو اپنی طرف کھینچوں گا!''

اعمال 18:23-28

مزمور 46

## مقدس یوحنا 16:23-28

## پھر دُنیا کو چھوڑ کر باپ کے پاس جاتا ہوں یوحنا 16:28

اے پیارے یسوعؔ تیرا وطن آسمان ہے۔ وہیں سے تو ہمارے پاس آیا تھا۔ باپ نے ہم گنہگاروں کے لئے محبت کو پورا کرنے کا کام تجھے سونپا تھا تو اب اُسے پورا کرنے کو تھا۔ تو اپنی محنت کا پھل ابھی نہیں دیکھ سکتا تھا۔ لیکن تجھے یقین تھا کہ پھل پک کر تیار ہو رہا ہے۔ تو باپ کے پاس جاتا ہے تاکہ تو ہمیں اپنا روح عطا کرتا رہے۔ جو ہماری رہنمائی کرے گا۔

## عیدِ صعود

اعمال 1:1-11　　مزمور 46

عبرانیوں 9:24-28;10:19-23　مقدس لوقا 24:46-53

وہ بلا ناغہ ہیکل میں خُدا کی حمد کرتے رہے۔ مقدس لوقا 24:53

رسولوں نے خُداوند یسوعؔ مسیح کو بدلی میں اپنی نظروں سے چُھپتے دیکھا تھا۔ لیکن اِس سے پہلے کہ وہ آسمان پر اُٹھایا گیا۔ اُس نے اُن کو حوصلہ دیا تھا کہ دُنیا سے نہ ڈریں۔ اِس کے برعکس اُنہوں نے پوری دُنیا میں اُس کا نام پھیلانے کی ذمہ داری پائی تھی۔ وہ اِس حقیقت سے باخبر تھے کہ وہ ابھی اس کام کے لئے تیار نہیں ہیں۔ لہذا ہم اُنہیں کسی مکتب میں نہیں بلکہ دُعا کی جگہ پاتے ہیں۔ جہاں دوسرے بے شک جو کچھ مرضی کہیں۔ مگر وہ خُداوند کی تعریف کرتے اَور برکت پاتے ہیں۔ اِس سے پتہ چلتا ہے کہ وہ خود کو تیار کر رہے تھے۔

رسولوں کے اعمال 19:1-8
مزمور 67

مقدس یوحنا 16:29-33

## روح القدس اُن پر نازل ہُوا۔ رسولوں کے اعمال 19:6

پولوسؔ افسُوسؔ میں آیا۔ افسُوسؔ ایک بہت بڑا غیر قوم شہر تھا۔ جہاں ہر طرف بُتوں کے مجسمے تھے۔ بارہ آدمیوں کا تھوڑا سا ایمان ہے۔ کیونکہ وہ مناسب تعلیم اَور مناسب بپتسمہ کے بغیر ہی ہیں۔ مقدس پولوسؔ رسول خُداوند یسوعؔ مسیح کے نام پر بپتسمہ دینے کے بعد اُن پر ہاتھ رکھتے ہیں۔ اَور ایک بڑی تبدیلی رونما ہوتی ہے۔ وہ آدمی خوشی اَور سچائی کے ساتھ خُداوند یسوعؔ مسیح کی بات کرتے ہیں۔ روح القدس اُنہیں تسلی دینے اَور مضبوطی بخشنے کے لئے نازل ہوُا ہے۔

## مقدسہ مریمؔ کی مقدسہ الیصاباتؔ سے ملاقات

صفن یاہ 3:14-17 یا رومیوں 12:9-16 مزمور اشعیا 12:2-6

### مقدس لوقا 1:39-56

### اُور بلند آواز سے پکار کر کہنے لگی کہ تو عورتوں میں مُبارک ہے اُور تیرے بطن کا پھل مُبارک ہو۔ مقدس لوقا 1: 42

ہم اپنی ماں مریمؔ کے لئے مخصوص کیئے گئے مہینے کا اختتام اُس کے ایمان کے ایک اہم لمحے کو منانے سے کرتے ہیں۔ وہ فرشتے کے پیغام پر ایمان لائی اُور مقدسہ الیصاباتؔ کے پاس چلی گئیں۔ اُسے اُس کی مدد کی ضرورت ہوسکتی تھی۔ لیکن مقدسہ مریمؔ کو خود بھی مدد کی ضرورت پڑ گئی۔ کیونکہ فرشتہ تو چلا گیا مگر وہ اکیلی رہ گئیں۔ لیکن اب مقدسہ الیصاباتؔ کی آواز اُسے ثابت قدم رہنے، اُس کلام پر شک کیئے بغیر ایمان لانے کی ترغیب دیتی ہے۔ جو اُسے بخشا گیا تھا۔